# Marking Scheme of Practice Question Paper: 2021-22

## TERM-I

Class: IX　　　　　　　　　　　　　Subject: URDU-B (303)

Time: 90 Minutes　　　　　　　　　　　　MM: 40

**عام ہدایات:**

1۔اس سوال نامہ میں کل 50 کثیر انتخابی سوالات (MCQ) ہیں۔

2۔سوال نامہ تین حصّوں پر مشتمل ہے۔حصّہ الف، حصّہ ب اور حصّہ ج۔

3۔حصّہ 'الف' دو غیر درسی اقتباسات (نثری اور شعری) پر مشتمل ہے۔ہر اقتباس میں 6 سوالات ہیں۔ان میں سے صرف پانچ سوالوں کے جواب دیجیے۔

4۔حصّہ 'ب' میں کل 13 سوالات ہیں۔ان میں سے صرف 10 سوالوں کے جواب دیجیے۔

5۔حصّہ 'ج' میں کل 25 سوالات ہیں۔ان میں سے صرف 20 سوالوں کے جواب دیجیے۔

6۔ سبھی سوالات کے نمبر برابر ہیں۔یعنی ہر سوال 1 نمبر کا ہے۔

**الف: حصّہ**

(i) درج ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں میں سے صرف پانچ سوالوں کے جواب دیجیے۔

ساہا 6 اکتوبر 1893ء کو سیوراتالی ضلع ڈھاکا میں پیدا ہوئے جو اب بنگلہ دیش میں ہے۔ان کے والد کی ایک معمولی سی پرچون کی دکان تھی جس سے گھر کا خرچ مشکل سے نکلتا تھا۔اس لیے وہ چاہتے تھے کہ ان کا پانچواں بچہ میگھ ناد بچپن سے ہی گھر کے لیے کچھ کمانا شروع کر دے۔لیکن میگھ ناد کے استادوں نے اصرار کیا کہ وہ میگھ ناد کو تعلیم ضرور دلائیں کیونکہ وہ بہت ہونہار اور ذہین طالب علم تھے۔آخر گاؤں سے گیارہ میل دور ایک بورڈنگ اسکول میں انھیں داخل کرا دیا گیا۔

کالج کی تعلیم مکمل کرنے کے بعد ساہا کلکتہ یونیورسٹی کے سائنس کالج میں فزکس کے لکچرر ہو گئے۔یہاں انھوں نے فزکس کے موضوعات پر بہت سی کتابیں پڑھیں اور انھیں اچھی طرح پڑھایا بھی۔پڑھانے کے لیے اپنے لیکچر نوٹس تیار کرتے ہوئے ان کے سامنے 'ایسٹروفزکس' کا ایک مسئلہ آیا۔اسی مسئلے کو حل کرنے کی وجہ سے وہ دنیا بھر میں مشہور ہو گئے۔"ایسٹروفزکس" ستاروں کی نوعیت، ان کی گرمی، ان کی اندرونی بناوٹ اور کن چیزوں سے مل کر وہ بنے ہیں وغیرہ کا مطالعہ کرتی ہے۔ساہا کی عمر اس وقت مشکل سے 25 سال تھی۔سائنسی دنیا نے ان کے کام کو بہت سراہا۔

1- ساہا کہاں پیدا ہوئے تھے؟

A　دہلی میں

B　لاہور میں

C　سیوراتالی میں ✓

D　لکھنؤ میں

2- ساہاکس کالج میں لکچرر تھے؟

A سائنس کالج میں ✓

B لاہور کالج میں

C بمبئی کالج میں

D لکھنؤ کالج میں

3- ساہاکس مضمون کے لکچرر تھے؟

A جغرافیہ کے

B تاریخ کے

C حیاتیات کے

D فزکس کے ✓

4- ساہاکب پیدا ہوئے؟

A 1893 میں ✓

B 1839 میں

C 1895 میں

D 1897 میں

5- لیکچر نوٹس تیار کرتے ہوئے کس کا مسئلہ ساہا کے سامنے آیا؟

A سماجیات کا

B ایسٹروفزکس کا ✓

C تعلیم کا

D غریبی کا

6- ڈھاکہ کس ملک کا شہر ہے؟

A بنگلہ دیش کا ✓

B پاکستان کا

C ہندوستان کا

D نیپال کا

(ii) درج ذیل غیر درسی شعری حصّے کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں میں سے صرف پانچ سوالوں کے جواب دیجیے۔

شان کی فکر ہے نہ آن کی ہے
اب مجھے فکر امتحان کی ہے
پڑھ رہا ہوں کتاب محنت سے
ہوں گا میں کامیاب محنت سے
فرسٹ آنا ہے مجھ کو اب کی بار
کچھ دکھانا ہے مجھ کو اب کی بار
اپنی محنت کی لاج رکھنی ہے
کل کی بنیاد آج رکھنی ہے
فوری کر لوں گا میں اگر محنت
امتحاں سے نہ ہو گی کچھ وحشت
سال بھر میں نے کی ہے تیاری
مجھ پہ کیوں کوئی خوف ہو طاری

7- شاعر نے سال بھر کس کی تیاری کی ہے؟

A شادی کی
B امتحان کی ✓
C کھیل کی
D سفر کی

8- شاعر کو کس کی فکر ہے؟

A آن کی
B شان کی
C امتحان کی ✓
D دولت کی

9- شاعر محنت سے کیا پڑھ رہا ہے؟

A کتاب ✓

B اخبار

C پوسٹر

D رسالہ

10- 'ہوں گا میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ محنت سے'(مصرع مکمل کیجیے۔)

A مہتاب

B آفتاب

C کامیاب ✓

D خراب

11- شاعر کس کی لاج رکھنا چاہتا ہے؟

A دولت کی

B شہرت کی

C محنت کی ✓

D غربت کی

12- شاعر اگر فوری محنت کر لے گا تو کس سے وحشت نہیں ہو گی؟

A امتحان سے ✓

B شہرت سے

C دولت سے

D شیر سے

## حصّہ: ب

(**ہدایت:** اس حصّے میں کل 13 سوالات ہیں، آپ ان میں سے صرف 10 سوالوں کے جواب دیجیے۔)

13- کسی شخص، جگہ، چیز یا کیفیت کے نام کو کیا کہتے ہیں؟

A ضمیر

B اسم ✓

C فعل

D صفت

14- 'شاہد اپنے دوست کے ساتھ تاج محل دیکھنے آگرہ گیا۔' اس جملے میں کون سا لفظ اسم نکرہ (اسم عام) کی مثال ہے؟

A حامد

B دوست ✓

C آگرہ

D تاج محل

15- جو لفظ اسم کی جگہ پر استعمال ہوتا ہے، اسے کیا کہتے ہیں؟

A ضمیر ✓

B اسم

C فعل

D صفت

16- 'ہندو مسلمان' نظم کے شاعر کون ہیں؟

A سورج نرائن مہرؔ

B اسمٰعیل میرٹھی

C اختر شیرانی

D تلوک چند محرومؔ ✓

17- 'خطا' لفظ کا کیا مطلب ہے؟

A درخواست

B تحریر

C غلطی ✓

D خط

18- 'نقصان' کا متضاد کیا ہے؟

A خوشی

B نفع ✓

C خسارہ

D غم

19- 'احکام' کا واحد کیا ہے؟

A حکم ✓

B حاکم

C حکومت

D افسر

20- دلّی کے آخری داستان گو کون تھے؟

A میر باقر علی دہلوی ✓

B پریم چند

C خواجہ حسن نظامی

D ڈاکٹر ذاکر حسین

21- ڈاکٹر ذاکر حسین کہاں پیدا ہوئے؟

A دہلی

B لکھنؤ

C میرٹھ

D حیدر آباد ✓

22- 'جذبات' کا واحد کیا ہے؟

A جذبہ ✓

B مجذوب

C جاذب

D جذبیں

23- 'مشاہدہ' کی جمع ہے۔

A مشہود

B مشاہدات ✓

C شہادت

D شاہد

24- ’مخالف‘ کا متضاد کیا ہے؟

A اچھائی

B موافق ✓

C ایمانداری

D سچائی

25- کسی خاص شخص، خاص جگہ اور خاص چیز کے نام کو کیا کہتے ہیں؟

A اسم معرفہ ✓

B اسم نکرہ

C اسم عام

D صفت

## حصّہ: ج

(**ہدایت:** اس حصّے میں کل 25 سوالات ہیں۔ آپ ان میں سے صرف 20 سوالوں کے جواب دیجیے۔)

26- ’**کامرانی**‘ سے کیا مراد ہے؟

A ناکامی

B نیکیاں

C کامیابی ✓

D بدی

27- چڑیا نے کہاں انڈے دیے تھے؟

A کمرے میں

B گھونسلے میں

C درخت پر

D کارنس کے اوپر ✓

28- آہ و فغاں کرنے کا کیا مطلب ہے؟

A گیت گانا

B خوشی منانا

C شور کرنا

D درد کا اظہار کرنا ✓

29- 'ایک دیہاتی لڑکی کا گیت'، نظم میں کہاں کی لڑکی کا ذکر ہے؟

A شہر کی

B گلستان کی

C گاؤں کی ✓

D چمنستان کی

30- سفید شیر کہاں پایا جاتا ہے؟

A منی پور کے جنگل میں

B ریوا کے جنگل میں ✓

C آسام کے جنگل میں

D میگھالیہ کے جنگل میں

31- کسی سے کچھ کہنے سے پہلے کس کو تولنا چاہیے؟

A اناج کو

B لفظوں کو ✓

C وعدے کو

D ارادے کو

32- شاعر نے کس طرح کا کام کرنے سے منع کیا ہے؟

A بڑا کام

B آسان کام

C بُرا کام ✓

D مشکل کام

33- پانڈا کے جسم کے گھنے بال اسے کس سے بچاتے ہیں؟

A گرمی سے

B سردی سے ✓

C آگ سے

D پانی سے

34- ڈاکوؤں سے دکان دار کی جان کس نے بچائی؟

A گھوڑے نے ✓

B سپاہی نے

C پہرے دار نے

D نوکر نے

35- اخترؔ شیرانی کہاں پیدا ہوئے؟

A ٹونک میں ✓

B دہلی میں

C لکھنؤ میں

D سیال کوٹ میں

36- 'بہادر بنو' نظم کے شاعر کون ہیں؟

A اخترؔ شیرانی

B سورج نرائن مہرؔ ✓

C تلوک چند محرومؔ

D اسمٰعیل میرٹھی

37- 'ہے یہاں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کا سہرا اُس کے سر'(مصرع مکمل کیجیے۔)

A دولت

B ذلّت

C پھولوں

D عزّت ✓

38- کس نے اپاہج اور اندھا سمجھ کر گھوڑے کو اصطبل سے نکال دیا تھا؟

A سائیں نے ✓

B سپاہی نے

C دکان دار نے

D پہرے دار نے

39- میدانی جنگل کہاں سے شروع ہوتے ہیں؟

A ہمالیہ کے دامن سے ✓

B دہلی سے

C ریگستان سے

D غازی آباد سے

40- دنیا میں عزّت کا سہرا کس کے سر ہوتا ہے؟

A جو لوگوں کو نقصان پہنچاتا ہے

B جو صرف کھیلتا ہے

C جس سے بیشتر کو فائدہ پہنچتا ہے ✓

D جو ورزش کرتا ہے

41- 'ایک پودا اور گھاس' کس طرح کی نظم ہے؟

A رومانوی

B ڈرامائی ✓

C آزاد

D انقلابی

42- بانسری کی آواز سنتے ہی سارے چوہے کیا کرنے لگے؟

A بانسری والے کے پیچھے چلنے لگے ✓

B گھروں میں چھپ گئے

C چیخنے لگے

D کھیت کی طرف بھاگنے لگے

43- خدا کی ساری مخلوق کس سے تروتازہ اور نہال ہو جاتی ہے؟

A ہیرے سے

B برف سے

C روشنی سے

D اوس باری سے ✓

44- 'مضر' کے کیا معنی ہیں؟

A فائدہ مند

B نقصاندہ ✓

C دولت

D صحت

45- کنگارو کے پیٹ پر کیا بنی رہتی ہے؟

A گھوڑے کی تصویر

B خرگوش کی تصویر

C بکری کی تصویر

D تھیلی ✓

46- چمپینزی کی شکل کس سے ملتیہے؟

A ہاتھی سے

B گھوڑے سے

C بندر سے ✓

D بکری سے

47- 'آنکھ سے اوجھل ہونا' محاورے کا کیا مطلب ہے؟

A نظر سے دور ہونا ✓

B آنکھوں میں سمانا

C بہت پیارا ہونا

D نظارہ کرنا

48- لاہوری دروازہ کس نے تڑوایا تھا؟

A بہادر شاہ بادشاہ نے ✓

B رحمت علی نے

C سید صاحب نے

D فیل بان نے

49- مولا بخش کس کا نام تھا؟

A فیل بان کا

B بادشاہ کا

C بچّے کا

D ہاتھی کا ✓

50- ' سود و زیاں ' کا کیا مطلب ہے؟

A سود لینا

B سود نہ لینا

C فائدہ اور نقصان ✓

D نفع ہی نفع